# 3927 ۔ اسماۓ حسنی کومعین ترتیب سے پڑھنے کا حکم ۔

**سوال**

مجھے کچھ لوگوں نے یہ کہا ہے کہ اگر آپ یہ یہ معین تعداد میں کئ ایک بار پڑھیں گے تو آپ کو اتنا اجروثواب حاصل ہوگا ، اوراگر اسمائے حسنی کو معین ترتیب میں پڑھوگے تو اتنا ثواب حاصل کروگے ، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ کوئ نصیحت فرمائیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد لله.

شیخ عبد اللہ بن قعود نے اس کےمتعلق مندرجہ ذیل جواب دیا ہے :

ایسا کرنا جائز نہیں ہے اوراگر وہ یہ ایسا عقیدہ رکھتاہے تو یہ بدعت ہو گی ۔ ا ھ ۔

اورجوکوئ ذکربھی کسی عدد معین یا معین جگہ پریا اس کی کیفیت معین کرلی جائے اوریہ تعیین شریعت سے ثابت نہ ہو تو یہ بدعت شمار ہوگی ، اوررہا یہ مسئلہ کہ اسمائے حسنی کے ساتھ تعبد اورعبادت کرنے کا تو ان کے ساتھ دعا مانگی جائے گی جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالی نے ارشاد فرمایا ہے :

اوراللہ تعالی کے لئے اچھے اچھے نام ہیں ان کے ساتھ اسے پکارو توصرف معین تعداد اور معین کیفیت میں انہیں پڑھنا یہ مشروع عبادت نہیں ۔

واللہ تعالی اعلم